| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ا' کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والے الفاظ کوئی سے دو بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحروف تہجی اُردو کے نظم سنائی جائے گی اورحرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کرتلفظ اورر داد پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کوحرف 'آ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'آ' ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آ حرف تہجی کا دوسرا حرف ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم آ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف آ، کے ذخیرہ الفاظ آنکھ، آلو بخارا، آم، ( ) ، آری، آڑو کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس کی شکل 'ا' جیسی ہے مگر اس پر مد ( آ ) آتی ہے بچوں کو آم کی تصویر دکھا کر کر بتایئے کہ اس پھل کا نام آم ہے۔ آم کو پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے آم کی ابتدائی آواز 'آ' کی ہے۔ 'آ' کی صوتی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔<br>بچوں کوحرف 'آ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر اس کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائے گی جن میں حرف 'ا' 'آ' لکھا ہوگا اور ساتھ میں لال اور نیلے رنگ کے گنبد فراہم کیے جائیں گے اور انھیں کہا جائے گا کہ لال گیند حرف 'ا' کی ٹوکری میں ڈالیں اور نیلے گیند حرف کی 'آ' کی ٹوکری میں ڈالیں۔ اس سرگرمی کے لیے چار چار بچوں کا گروپ بنا دیں۔<br>**'آ' سے آڑو:**<br>بچوں کو آڑو کی ورک شیٹ دی جائے گی اور آڑو میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے حرف 'آ' کا تلفظ اوراس کی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'آ' کو پہچان سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار) الفاظ بتاسکیں۔ | دہرائی: بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔<br>بچوں کو حرف 'آ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ا' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | تعارف: بچوں کو 'آ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>آؤ بچو! سنو کہانی<br>ایک تھا راجا ایک تھی رانی راجا بیٹھا بین بجائے رانی بیٹھی گانا گائے<br>طوطا بیٹھا چونچ ہلائے آؤ بچو! سنو کہانی ایک تھا راجا ایک تھی رانی<br>حرف 'آ' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تحریری نمونہ: بچوں کو پلے ڈو دے کر حرف 'آ' بنانے میں مدد کی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو کہے کہ کتاب صفحہ نمبر 6 کھولیے حرف 'آ' انگلی پھیریے اور 'آ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے 'آ' کی آواز کی دہرائی بار بار کروائی جائے گی۔<br>'آ' سے آلو: بچوں کو ایک دن پہلے لنچ میں آلو کے چپس لانے کا پیغام دیں بچوں کو بتائے کہ آلو کی ابتدائی آواز 'آ' ہے۔ بچوں کو بتائیے کہ آلو ہمارے لیے صحت مند ہوتے ہیں۔ ہم ان کا سالن بنا کر بھی کھاتے ہیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 6 | |
| | اختتامیہ:<br>سبق کے اختتام پر بچوں سے آلو، آم، آلو بخارا اور آنکھ کی ابتدائی آواز پوچھیے۔<br>گھر کا کام: 'آ' سے آری میں رنگ بھریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'آ' کو پہچان سکیں۔<br>اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے کوئی سے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'آ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>'آ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'آ' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'آ' کی کہانی سنیں گے۔<br>آمنہ اور آصف دونوں بہن بھائی ہیں ایک دن آمنہ نے امی سے کہا کہ مجھے آملیٹ کھانا ہے امی آملیٹ بنانے کے بعد آگ بند کرنا بھول گئیں آصف آئینہ دیکھ رہا تھا اس نے دیکھا کہ باورچی خانے میں آگ جل رہی ہے آصف نے خوب شور مچایا ڈر سے اس کی آنکھوں میں پانی آگیا۔ | 10 منٹ | آملیٹ، آگ، آنکھ، فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں آم، آڑو اور آلو بخارا بنا ہوگا۔ بچوں سے ان پھلوں کے نام پوچھے جائیں گے اور ان میں رنگ بھروایا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے آگ، آملیٹ اور آنکھ کی ابتدائی آواز پوچھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’آ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے ’کہ حرف ’آ‘ کی پہچان کرسکیں اس کی صوتی آواز اُس سے شروع ہونے والے (کوئی سے سات الفاظ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’آ‘ کا تلفظ ،اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائیں جائیں گے۔حرف ’آ‘ کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے’آ‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف ’آ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’آ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’آ‘ سے مزید الفاظ جائیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے آئینہ، آری اور آڑو کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بنائی جائے گی۔ | 10منٹ | تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف ’آ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ چھپادیں بچوں کو کہیے کہ جماعت میں حرف ’آ‘ کے الفاظ چھپے ہیں۔انھیں تلاش کریں اور نام بتائیں جو سب سے زیادہ فلیش کارڈ ڈھونڈے گا وہ جیت جائے گا۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ 7 کھولنے کو کہیے۔دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا پنکھا کی ابتدائی آواز ’آ‘ ہے؟<br>بچوں کو ’آ‘ کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور ’آ‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 7 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو آنکھ، آری، آئینہ، آلو کی تصاویر دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'آ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے' کہ حرف 'آ' کی پہچان کرسکیں،اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اوراس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'آ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کران کی ابتدائی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ |
| | **تعارف:**<br>حرف 'ا' اور 'آ' کا فلیش کے دکھا کر پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف کررہے ہیں۔ بچوں سے Sand letters پر حرف 'آ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letters | حرف آ' کا درست تلفظ، آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'آ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'آ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پرنگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ا' اور 'آ' لکھوائی جائے گی اوران کی صوتی آواز دہرائی جائے گی۔ | 30منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'آ' پر پنسل پھیریے۔ | 2منٹ | کاپی ورک | |